مطبوعات مؤتمر المصنّفین

کاروانِ آخرت | یہ کتاب مولانا سمیع الحق ایڈیٹر ماہنامہ الحق و مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے ان تاثراتی مقالات اور مضامین کا مجموعہ ہے جس میں موصوف نے کسی اہم علمی دینی یا سیاسی شخصیت کے وفات کے موقع پر سپرد قلم فرمایا تھا اور ان ہی متفرق اور بیسیوں سال کے منتشر فائلوں میں بکھرے ہوئے پھولوں کو مولانا محمد ابراہیم صاحب فانی نے کتابی گلدستہ میں جمع کرکے اہل علم کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ مولانا سمیع الحق صاحب جو کچھ لکھتے ہیں بہت خوب لکھتے ہیں ان کی تحریروں میں تحقیق کا وقار، ادب کی چاشنی اور جذبِ دل کی کشش پورے طور پر محسوس ہوتی ہے اس لئے قوی امید ہے کہ ان مقالات کا یہ مجموعہ علمی حلقوں میں پسند کیا جائے گا۔ اور اسماء الرجال سے شغف رکھنے والے شائقین علم اسے نعمت جدید سمجھ کر ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔ (مولانا حبیب الرحمٰن قاسمی) مدیر ماہنامہ دارالعلوم مئی جون ۱۹۸۹ء

علماء احناف کے حیرت انگیز واقعات | علماء احناف کے حیرت انگیز واقعات (جلد دوم) میں دینِ اسلام کے دو مضبوط صفی ستونوں۔ حضرت محترم امام ابو یوسفؒ اور حضرت محترم امام محمدؒ کے حالاتِ زندگی اور ان کے فکر و عمل کی توجیہات و تصریحات کو مولانا عبدالقیوم حقانی نے یک جا کر کے یقیناً ایک نہایت اہم خدمت سرانجام دی ہے۔ ہر انسان اپنی عام زندگی میں رہنمائی کا محتاج رہتا ہے۔ اور اپنے فکر و عمل کے لئے صراطِ مستقیم کا متلاشی۔ ایسے جو بندگانِ حق کے لئے انہوں نے اس تالیف کے ذریعہ سے راہیں واضح کر دی ہیں۔ اس کارِ خیر پہ آپ کو دلی مبارک باد دیتا ہوں۔

میں نے مضامین کتاب کو دیکھا ہے۔ جب میں صفحہ ۶۶ پر آیا تو کتب خانے کا حال پڑھا۔ خود میں اس وقت اپنے کتب خانے میں چاروں طرف کتابوں کی الماریوں اور ڈھیروں میں گھرا بیٹھا تھا۔ میں نے سوچا کہ میں اپنے اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی یہ تحریرات پیش کر سکوں گا۔

آپ کا مخلص محمد سعید چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن

بقیہ از صفحہ ۵۹

لڑکے کو ڈانٹا کہ بدبخت جلدی سے کیوں نہ بنایا۔ اس نے عرض کیا جناب والاآداب درخواست کا لحاظ ضروری تھا میرے محترم! شریعت اسلامیہ کی تحقیر و توہین سے غضب خداوندی کی آگ بھڑک اٹھی ہے۔ ملک جل رہا ہے۔ اور آپ ہیں کہ آداب سیاست سے چمٹے ہوئے ہیں۔ شیخ کی روح کو خوش کرنا ہے تو تحریک نفاذ شریعت کو ترجیحی مقاصد میں رکھئے۔ عدالتوں کو شریعت کا پابند بنانے کی پرزور تحریک چلائیے ؎

اٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے